# SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
August 12, 2016

## ایس ای سی پی نے انگریزی اور اردو میں نئی ویب سائٹ لانچ کر دی

اسلام آباد ۱۲ اگست: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان نے اردو اور انگریزی ہر دو زبانوں میں تمام خصوصیات سے مزین اپنی نئی ویب سائٹ www.secp.gov.pk لانچ کر دی ہے۔نئے سرے سے تیار کی گئی ویب سائٹ میں عوام الناس، سرمایہ کاروں، سٹیک ہولڈروں اور میڈیا کے لئے معلومات تک فوری اور جامع رسائی آسان تر بنا دی گئی ہے۔تاکہ ایس ای سی پی اور اس کے انضباطی نظام کے بارے میں بہتر آگاہی فراہم کی جا سکے۔ نئی ویب سائٹ کے افتتاح کے موقع پر چیئرمین ایس ای سی پی ظفر حجازی نے کہا کہ نئی ویب سائٹ صارفین کے لئے آگہی کا بہترین وسیلہ ثابت ہو گی۔ ساتھ ہی ساتھ یہ ویب سائٹ سرمایہ کاروں اور عوام الناس کے لئے اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں سرمایہ کاری سے متعلقہ تمام ضروری اور تازہ ترین معلومات کا فوری ذریعہ بھی ہے۔ نئی ویب سائٹ کا ڈیزائن بہت واضح اور بہترین ترتیب کا حامل ہے۔ جس کے ذریعے انٹرنیٹ استعمال کرنے والے صارفین سہولت کے ساتھ کمیشن کے فرائض، ذمہ داریوں، کارہائے منصبی اور طریق کار سے آگاہ ہو سکیں گے۔اس ویب سائٹ کا مقصد پاکستان میں مضبوط انضباطی اصول کے تابع جدید اور کار گزار کاروباری شعبہ کا فروغ اور کیپیٹل مارکیٹ کے لئے سہولیات کی فراہمی ہے۔

ویب سائٹ پر نئی کمپنی کی تشکیل، منافع بخش اداروں کے لئے لائسنس کے اجرا کے نظام، بیمہ اور غیر بینکی مالیاتی کمپنیوں، مارکیٹ کے تازہ ترین اعداد و شمار اور معلومات اور ایس ای سی پی کے قوانین، ضوابط اور قواعد سے متعلقہ تفصیلی مواد فراہم کیا گیا ہے۔ایس ای سی پی کے جاری کردہ تازہ ترین اطلاع نامے، مراسلے، ہدایت نامے، تعمیلی اقدامات اور اپیلٹ بینچ کے آرڈرز بھی ویب سائٹ پر دستیاب ہوں گے۔مزید برآں، صارفین اپنی شکایات آن لائن جمع کروانے کے ساتھ ساتھ باآسانی رجسٹرڈ کمپنیوں کی تلاش اور توثیق، ایس ای سی پی کی ای خدمات، وَرچوئل ون سٹاپ شاپ اور جمع پونجی تک بھی اس ویب سائٹ کے ذریعے لاگ اِن ہو سکتے ہیں۔ایس ای سی پی جانب سے دونوں زبانوں اردو اور انگریزی میں ویب سائٹ کی فراہمی اردو کو بطورِ سرکاری زبان فروغ دینے کی کاوش کا حصہ ہے۔ ویب سائٹ کے اردو سیکشن میں کمپنی کی تشکیل، تعمیلی تقاضوں، لائسنس کے حصول کے طریقے اور منضبط قوانین، قواعد، ضوابط اور راہنما کتابچے اردو میں فراہم کر دئے گئے ہیں۔واضح رہے کہ ایس ای سی پی نے اپنے تمام قوانین ماسوائے کمپنیز آرڈیننس 1984 (جسے نئے کمپنیز ایکٹ سے بدل دیا جائے گا) کا اردو میں ترجمہ کر لیا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
051-9100432

نئی ویب سائٹ تک تمام قسم کے براؤزرز اور موبائل فون کے ذریعے باآسانی رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ نیز یہ ویب سائٹ سوشل میڈیا جیسا کہ فیس بک اور ٹوئٹر کے ساتھ بھی موافقت رکھتی ہے۔ نئی ویب سائٹ پر باقاعدگی سے تازہ ترین خبریں، رپورٹیں، اطلاع نامے، مراسلے، آرڈرز، اہم واقعات، سرمایہ کاری اور مالیات سے متعلقہ معلومات فراہم کی جائیں گی۔ امید کی جارہی ہے کہ نئی ویب سائٹ نہ صرف صارفین کے لئے نہ صرف معلومات بلکہ ایس ای سی پی کے ساتھ رابطے کا بہترین ذریعہ بھی ثابت ہو گی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
051-9100432